پرائمری سکولوں اور قرآنی مکاتب میں پڑھنے والے چھوٹے بچے اور بچیوں کو سیرت النبی ﷺ اور حضرات صحابہ کرامؓ
واہل بیتؓ کی سیرت طیبہ سے روشناس کرانے کے لیے بزم اطفال مسلم کا تیار کردہ سلسلہ وار نصاب

# سیرت النبی ﷺ کوئز


ترتیب وتزئین

عبدالرؤف چوہدری

ناظم تربیتی امور MSO پاکستان
منتظم بزم اطفال مسلم پاکستان



بزم اطفال مسلم پاکستان

سوال: حضرت محمد ﷺ کون ہیں؟

جواب: حضرت محمد ﷺ ہمارے نبی، اللہ تعالیٰ کے بندے اور اللہ کے آخری نبی و رسول ہیں۔

سوال: حضرت محمد ﷺ سے ہمارا کیا تعلق ہے؟

جواب: وہ ہمارے نبی ہیں اور ہم ان کے امتی ہیں۔

سوال: ہمارے پیارے نبی ﷺ کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت محمد ﷺ

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ہمارے نبی کی کس نام سے بشارت دی تھی؟

جواب: احمد نام کے ساتھ۔

سوال: حضرت محمد ﷺ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: آپ ماہِ ربیع الاوّل مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

سوال: آپ کی ولادت باسعادت واقعہ فیل کے کتنے دن بعد ہوئی؟

جواب: پچپن (55) دن بعد۔

سوال: واقعہ فیل کسے کہتے ہیں؟

جواب: فیل ہاتھی کو کہتے ہیں، ابرہہ نامی بادشاہ نے ہاتھیوں کے ساتھ بیت اللہ پر حملہ کیا تھا۔

سوال: آپ کی ولادت کی خبر سن کر آپ کے چچا ابولہب نہیں کیا کیا؟

جواب: ابولہب نے خوشی کی وجہ سے خوشخبری سنانے والی اپنی باندی ثویبہ کو آزاد کر دیا۔

سوال: حضور ﷺ اپنے والد ماجد کے انتقال کے کتنا عرصہ بعد دنیا میں تشریف لائے؟

جواب: چھ ماہ بعد۔

سوال: آپ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟

جواب: آپ کے والد محترم کا نام حضرت عبداللہ تھا۔

سوال: حضرت عبداللہ کی شادی کے وقت کتنی عمر تھی؟

جواب: تقریباً سترہ سال۔

سوال: آپ کے والد حجرت عبداللہ کی وفات کب ہوئی؟

جواب: سن 570 عیسوی میں

سوال: آپ کی والدہ محترمہ کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت آمنہ۔

سوال: آپ کے دادا کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت عبدالمطلب۔

سوال: آپ کی دادی کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت فاطمہ بنت عمرو

سوال: آپ کے والد ماجد کہاں مدفون ہیں؟

جواب: مدینہ منورہ کے محلّہ نبی نجّار میں۔

سوال: آپ کا قریش کی کس شاخ سے تعلق تھا؟

جواب: قریش کی شاخ بنو ہاشم سے۔

سوال: قریش میں بنو ہاشم کا مقام و مرتبہ کیا تھا؟

جواب: قریش کی تمام شاخوں میں بنو ہاشم سب سے زیادہ معزز و محترم سمجھے جاتے تھے۔

سوال: محمد نام کا معنیٰ کیا ہے؟

جواب: تعریف کیا ہوا۔

سوال: احمد نام کا معنیٰ کیا ہے؟

جواب: حمد و ثنا کرنے والا۔

سوال: آپ کا نام احمد قرآن کریم کے کس پارے اور کس سورت میں ہے؟

جواب: 28 ویں پارے سورت صف میں۔

سوال: آپ کا نام محمد قرآن کریم میں کتنی بار آیا ہے؟

جواب: چار بار۔

سوال: چار بار کس کس سورت میں محمد نام آیا ہے؟

جواب: سورہ آل عمران، سورہ احزاب، سورہ محمد اور سورہ فتح میں

سوال: حضرت حلیمہ سعدیہ کون تھیں؟

جواب: آپ کی رضاعی ماں۔

سوال: حضرت حلیمہ سعدیہ کے کون سے بیٹے نے حضور کے ساتھ حضرت حلیمہ کا دودھ پیا تھا؟

جواب: عبداللہ بن حارث۔

سوال: حضور کے رضاعی والد کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت حارث بن عبدالعزیز۔

سوال: حضور کتنا عرصہ حضرت حلیمہ کے پاس رہے؟

جواب: پانچ سال چند ماہ تک۔

سوال: والدہ محترمہ کے انتقال کے وقت آپ کی عمر تھی؟

جواب: چھ سال

سوال: آپ ﷺ اپنے دادا کی پرورش میں کتنا عرصہ رہے؟

جواب: دو سال

سوال: آپ کے دادا نے اپنی وفات کے وقت آپ ﷺ کو کس کے سپرد کیا؟

جواب: اپنے بیٹے خواجہ ابو طالب کے پاس جو حضور ﷺ کے چچا تھے۔

سوال: ابو طالب کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: عبد مناف

سوال: آپ ﷺ کے کتنے چچا مسلمان ہوئے تھے؟

جواب: دو چچا حضرت حمزہؓ اور حضرت عباسؓ

سوال: حضور ﷺ کے والد محترم کتنے بھائی تھے؟

جواب: دس بھائی تھے۔

سوال: حضور ﷺ کی پھوپھیاں کتنی تھیں؟

جواب: چھ تھیں۔

سوال: حضرت ثویبہ سے آپ ﷺ کا کیا رشتہ تھا؟

جواب: آپ ﷺ کی رضاعی ماں تھیں۔

سوال: حضور ﷺ کی رضاعی بہنیں کتنی تھیں؟

جواب: دو، شیما اور انیسہ۔

سوال: حضور ﷺ نے جب پہلا شام کا سفر کیا تب کتنی عمر تھی؟

جواب: بارہ یا تیرہ سال۔

سوال: شام کے سفر میں کس مقام پر راہب سے ملاقات ہوئی؟

جواب: بصرہ کے مقام پر۔

سوال: حضور ﷺ کا سینہ مبارک پہلی مرتبہ کب چاک کیا گیا؟

جواب: جب آپ حضرت حلیمہ سعدیہ کے پاس تھے۔

سوال: حضور ﷺ کا سینہ مبارک کتنی بار چاک کیا گیا؟

جواب: چار مرتبہ۔

سوال: حضور ﷺ نے حضرت خدیجہ سے کب نکاح کیا؟

جواب: 25 سال کی عمر میں۔

سوال: حضرت خدیجہؓ کتنے سال آپ کی رفیقہ حیات رہیں؟

جواب: 25 سال تک۔

سوال: نبوت ملنے سے قبل حضور ﷺ نے کس جنگ میں حصہ لیا تھا؟

جواب: جنگِ فجار میں۔

سوال: جنگ فجار کے وقت آپ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: تقریباً 16 سال۔

سوال: تجارت کی غرض سے آپ ﷺ نے شام کا دوسرا سفر کب کیا؟

جواب: اپنی عمر کے 25ویں سال۔

سوال: تبلیغ اسلام کے جرم میں آپ ﷺ اور صحابہ کرام کو کس گھاٹی میں قید کیا گیا تھا

جواب: شعب ابی طالب میں۔

سوال: حضور ﷺ شعب ابی طالب میں کتنا عرصہ قید رہے؟

جواب: تین سال۔

سوال: نبوت سے قبل آپ نے سرداران قریش کے درمیان کون سا فیصلہ کیا تھا؟

جواب: حجر اسود کو نصب کرنے کا۔

سوال: شعب ابی طالب میں آپ ﷺ کے کون سے چچا ساتھ تھے؟

جواب: خواجہ ابو طالب۔

سوال: نبوت ملنے سے قبل آپ ﷺ کس غار میں عبادت کے لیے جاتے تھے؟

جواب: غار حرا میں۔

سوال: نبوت ملنے کے وقت آپ ﷺ کی عمر کتنی تھی؟

جواب: چالیس سال۔

سوال: پہلی وحی کون سی نازل ہوئی تھی؟

جواب: سورہ علق کی پہلی پانچ آیات۔

سوال: جو لوگ آپ پر ایمان لائے ان کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: انہیں صحابی کہتے ہیں؟

سوال: صحابی کی تعریف کیا ہے؟

جواب: صحابی وہ شخص ہے جس نے ایمان کی حالت میں آپ ﷺ کی زیارت کی ہو یا آپ کی مجلس میں بیٹھا ہو اور ایمان پر ہی اس کا خاتمہ ہوا ہو۔

سوال: اہل بیت کس کو کہتے ہیں؟

جواب: حضور ﷺ کے اہل خانہ کو اہل بیت کہا جاتا ہے۔

سوال: اہل بیت میں کون کون شامل ہیں؟

جواب: آپ کی تمام بیویاں، آپ کی بیٹیاں اور بیٹے اور آپ کی بیٹیوں کی تمام اولاد اہل بیت مین شامل ہیں۔

سوال: حضور ﷺ کو وضو اور نماز کا طریقہ کس نے سکھایا؟

جواب: حضرت جبرئیل امین نے۔

سوال: نبوت ملنے کے بعد پہلا حکم کیا نازل ہوا؟

جواب: نماز کا۔

سوال: سب سے پہلے ایمان قبول کرنے والے کون ہیں؟

جواب: عورتوں میں حضرت خدیجہ، مردوں میں حضرت ابوبکر، بچوں میں حضرت علی اور غلاموں میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہم۔

سوال: نبوت ملنے کے بعد کتنا عرصہ وحی رکی رہی؟

جواب: تقریباً تین ماہ۔

سوال: قرآن کریم کے نزول کا آغاز کس دن ہوا؟

جواب: جمعۃ المبارک کی رات۔

سوال: حضرت جبرئیل کس صحابی کی صورت میں آتے تھے؟

جواب: صحابی رسول حضرت دحیہ کلبی کی صورت میں۔

سوال: آپ نے کتنے سال خفیہ تبلیغ کی؟

جواب: تین سال۔

سوال: ہجرت حبشہ کس سن میں ہوئی؟

جواب: نبوت کے پانچویں سال۔

سوال: پہلی ہجرت میں حضور ﷺ کی کون سی بیٹی اوران کے شوہر شامل تھے؟

جواب: حضرت رقیہ اوران کے شوہر حضرت عثمان غنیؓ۔

سوال: حبشہ کی طرف دوسری ہجرت کب ہوئی؟

جواب: نبوت کے چھٹے سال

سوال: حبشہ کی طرف دوسری ہجرت میں کتنے مرد وعورت شامل تھے؟

جواب: 83 مرد اور 18 عورتیں۔

سوال: شعب ابی طالب میں قید کا واقعہ کب پیش آیا؟

جواب: یکم محرم سن 7 نبوی میں۔

سوال: دس نبوی میں کون سی دو اہم ہستیوں نے انتقال کیا؟

جواب: آپ ﷺ کے چچا ابو طالب اور آپ کی بیوی حضرت خدیجہ نے۔

سوال: نبوت کے دسویں سال کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

جواب: عام الحزن یعنی غم کا سال

سوال: واقعہ معراج کب پیش آیا؟

جواب: نبوت کے دسویں سال۔

سوال: واقعہ معراج کیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو آسمانوں کی سیر کرائی، جنت اور جہنم دکھائی اور اپنے سے ملاقات کرائی۔

سوال: واقعہ معراج میں اللہ کی طرف سے سب سے بڑا کون سا تحفہ ملا؟

جواب: نماز کا تحفہ ملا۔

سوال: آپ ﷺ نے معراج کا سفر کیسے کیا؟

جواب: اللہ کی طرف سے جنت کی سواری بھیجی گئی تھی جسے براق کہتے ہیں۔

سوال: معراج میں کون سی دو آیات اللہ نے براہ راست نازل فرمائیں؟

جواب: سورہ بقرہ کی آخری دو آیتیں۔

سوال: بیعت عقبیٰ کس کو کہتے ہیں؟

جواب: وہ گھاٹی جہاں مدینہ سے آئے ہوئے لوگوں سے آپ ﷺ نے ملاقات کی تھی اور وہ مسلمان ہوگئے تھے۔

سوال: یہ بیعت عقبیٰ کتنی بار پیش آئی؟

جواب: دو دفعہ۔

سوال: دونوں بیعتوں میں کتنے کتنے افراد شامل تھے؟

جواب: پہلی میں 11 افراد اور دوسری میں 73 مرد اور 02 عورتیں۔

سوال: اسلام کے پہلے شہید کون تھے اور کہاں شہید ہوئے؟

جواب: حضرت حارث بن ابی ہالہؓ بیت اللہ میں شہید ہوئے۔

سوال: اسلام کی سب سے پہلی شہیدہ کون ہیں؟

جواب: حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا

سوال: قرآن پاک کی کون سی سورت سب سے پہلے مکمل نازل ہوئی؟

جواب: سورہ فاتحہ۔

سوال: حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد آپ نے کس سے نکاح کیا؟

جواب: حضرت سودہؓ سے۔

سوال: حضور ﷺ نے حرت عائشہؓ سے کب نکاح کیا؟

جواب: شوال دس نبوی میں۔

سوال: آپ ﷺ نے طائف کا سفر کب کیا؟

جواب: 27 شوال ہجرت سے تین سال پہلے۔

سوال: سفر طائف میں آپ ﷺ کے رفیق سفر کون تھے؟

جواب: حضرت زید بن حارثؓ۔

سوال: طائف کے لوگوں نے آپ کے ساتھ کیسا رویہ اختیار کیا؟

جواب: آپ ﷺ پر پتھر برسائے اور قبیلے سے نکال دیا۔

سوال: کون سے دو شخصوں کے مسلمان ہونے کی حضور دعا کرتے تھے؟

جواب: حضرت عمر اور ابو جہل کے مسلمان ہونے کی۔

سوال: یہ دعا کس کے حق میں قبول ہوئی؟

جواب: حضرت عمر کے حق میں۔

سوال: حضرت عمر کب مسلمان ہوئے؟

جواب: نبوت کے چھٹے سال چالیسویں نمبر پر۔

سوال: حضرت کے اسلام لانے سے تین دن پہلے حضور کے کون سے قریبی رشتہ دار مسلمان ہوئے تھے؟

جواب: آپ ﷺ کے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ

سوال: آپ نے سب سے پہلے معلّم بنا کر کس کو مدینہ بھیجا تھا؟

جواب: حضرت مصعب بن عمیرؓ کو۔

سوال: قرآن کریم میں آپ ﷺ پر درود بھیجنے کا حکم کس پارے میں دیا گیا ہے؟

جواب: بائیسویں پارے میں۔

سوال؛ قرآن کریم میں آپ ﷺ کی ختم نبوت کا واضح اعلان کس سورت اور پارے میں کیا گیا ہے؟

جواب؛ سورہ احزاب بائیسویں پارے میں۔

سوال: ختم نبوت کا مطلب کیا ہے؟

جواب: ختم نبوت کا مطلب یہ ہے کہ جس نبوت کا آغاز اللہ نے حضرت آدم علیہ السلام سے کیا تھا حضور ﷺ پر اس کا خاتمہ ہوگیا ہے، حضور کے بعد اب قیامت تک کوئی نبی نہیں آئے گا، قیامت تک حضور ﷺ کی نبوت ہی چلے گی۔

سوال: کیا قرب قیامت حضرت عیسی علیہ السلام نازل نہیں ہوں گے اور وہ اللہ کے نبی ہی تھے؟

جواب: حضرت عیسیٰؑ نبی نہیں بلکہ ہمارے نبی ﷺ کے امتی بن کر تشریف لائیں گے۔ وہ اپنی نبوت کا زمانہ پہلے دنیا میں گزار چکے ہیں۔

سوال: حضور ﷺ نے اپنی نبوت کے بارے کیا فرمایا؟

جواب: آپ نے فرمایا ''میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی ہیں''

سوال: قرآن کریم کی کس سورت میں فرمایا گیا کہ ''ہم نے آپ کا ذکر بلند کر دیا ہے؟

جواب: سورہ انشراح تیسواں پارہ۔

سوال: قرآن کریم کی کس سورت میں آپ کے ادب و احترام کا خیال رکھنے کا حکم دیا گیا؟

جواب: سورہ حجرات 26 ویں پارے میں۔

سوال: قرآن کریم حضور ﷺ پر کتنے عرصے میں نازل ہوا؟

جواب: 22 سال 05 ماہ اور 14 دن میں۔

سوال: قرآن کریم کی کس سورت میں حضور ﷺ کی بعثت کے مقصد کو بیان کیا گیا ہے

جواب: سورہ صف آیت نمبر 09 اٹھائیسواں پارہ۔

سوال: حضور ﷺ کی بعثت کا ایک بڑا مقصد کیا تھا

جواب: آپ کی بعثت کا مقصد ''دین اسلام کو سابقہ تمام دینوں پر غالب کرنا تھا''

سوال: جو قرآن کریم لکھا کرتے تھے ان میں سے چند ایک کے نام سنائیں؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، حضرت علیؓ، حضرت زید بن ثابتؓ، حضرت معاویہؓ، حضرت اُبی بن کعبؓ۔

سوال: قرآن کریم لکھنے والے حضرات کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: کاتبین وحی کہا جاتا ہے۔

سوال: مسلمانوں نے مکہ سے کہاں ہجرت کی؟

جواب: مدینہ منورہ کی۔

سوال: مدینہ کا پرانا نام کیا ہے؟

جواب: یثرب

سوال: مسلمانوں نے مدینہ کی طرف ہجرت کیوں کی؟

جواب: اللہ تعالٰی کا حکم تھا۔

سوال: حضور ﷺ نے مکہ سے کب ہجرت کی؟

جواب: ماہ صفر کے آخر میں۔

سوال: جب حضور ﷺ ہجرت کے لیے روانہ ہوئے تو مشرکین نے آپ کے گھر کا محاصرہ کیوں کر رکھا تھا؟

جواب: مشرکین مکہ آپ کو قتل کرنا چاہتے تھے۔

سوال: جب آپ اپنے گھر سے نکلے تو آپ نے کون سی سورت پڑھ کر باہر کھڑے مشرکین پر غبار پھینکی تھی؟

جواب: سورہ یسین کی ابتدائی آیات۔

سوال: حضور ﷺ نے جاتے وقت لوگوں کی امانتیں کس کے سپرد کی تھیں؟

جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ۔

سوال: ہجرت کے وقت حضور ﷺ سب سے پہلے کہاں گئے؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ کے گھر۔

سوال: ہجرت میں آپ ﷺ کے ساتھی کون تھے؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

سوال: دوران سفر حضرت ابوبکرؓ دوڑ کر آپ ﷺ کے دائیں بائیں اور آگے پیچھے کیوں جاتے تھے؟

جواب: ان کو خطرہ تھا کہ کہیں حضور ﷺ کو کوئی نقصان نہ پہنچ جائے۔

سوال: حضور ﷺ نے کس غار میں پناہ لی؟

جواب: مکہ کے قریب غار ثور میں۔

سوال: جبل ثور پر چڑھنے سے پہلے جب آپ ﷺ کے پاؤں مبارک زخمی ہوگئے تو حضرت ابوبکرؓ نے کیا کیا؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ نے آپ ﷺ کو اپنے کندھوں پر اٹھالیا اور پہاڑ پر چڑھ گئے۔

سوال: غار میں جب حضرت ابوبکر حضور ﷺ کے لیے پریشان تھے تو آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟

جواب: آپ نے فرمایا اے ابوبکر ''غم نہ کیجیے اللہ ہمارے ساتھ ہے''

سوال: حضرت ابوبکر کی ایڑھی میں جب سانپ نے ڈنگ مارا تو حضور ﷺ نے کیسے علاج فرمایا؟

جواب: حضور ﷺ نے اپنا لعاب مبارک حضرت ابوبکرؓ کی ایڑھی پر لگایا۔

سوال: آپ ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ غار میں کتنے دن ٹھہرے؟

جواب: تین دن اور تین راتیں۔

سوال: غار ثور میں پناہ کے دنوں میں کس کا خاندان آپ ﷺ کی خدمت میں لگا ہوا تھا

جواب: حضرت ابوبکرؓ کا خاندان۔

سوال: حضرت ابوبکر کے خاندان کی کیا کیا ذمہ داری تھی؟

جواب: آپ کی بیٹی حضرت اسماء کھانا پہنچاتی، آپ کے بیٹے حضرت عبداللہ بن ابی بکر مکہ میں جاسوسی کرتے اور ساری خبریں حضور ﷺ تک پہنچاتے اور حضرت ابوبکر کے

غلام عامر اندھیرے میں بکریاں لے کر آتے اور دودھ نکال کے پیش کرتے۔

سوال: یارِ غار و مزار کس صحابی کا لقب ہے؟

جواب: حضرت ابوبکر کا۔

سوال: غار ثور سے مدینہ منورہ کا سفر آپ ﷺ نے اور حضرت ابوبکرؓ نے کس چیز پر کیا؟

جواب: دو اونٹنیوں پر۔

سوال: حضور ﷺ کی اونٹنی کا کیا نام تھا؟

جواب: قصویٰ۔

سوال: آپ کی رہنمائی کرنے والے شخص کون تھا؟

جواب: عبداللہ بن اریقط۔

سوال: مشرکین نے حضور ﷺ کو گرفتار کرنے کے لیے کتنا انعام رکھا تھا؟

جواب: سو اونٹ۔

سوال: کون سا شخص تعاقب کرتے ہوئے آپ کے پاس پہنچ گیا تھا؟

جواب: سراقہ بن مالک۔

سوال: دوران سفر حضور ﷺ نے کس کے خیمے میں قیام فرمایا؟

جواب: حضرت ام معبد رضی اللہ عنہا۔

سوال: ام معبدؓ کے گھر میں آپ ﷺ کا کون سا معجزہ ظاہر ہوا؟

جواب: ایک کمزور ترین بکری جو دودھ نہیں دیتی تھی آپ ﷺ کے ہاتھ مبارک لگے تو اس کا دودھ فوراً اتر آیا۔

سوال: مدینہ منورہ سے قبل آپ ﷺ نے کہاں قیام فرمایا؟

جواب: مقام قبا پر۔

سوال: قبا کے مقام پر آپ ﷺ نے جو مسجد بنائی اس کا نام کیا تھا اور وہ کس کی زمین میں بنائی گئی؟

جواب: مسجد قبا، حضرت کلثوم بن ھدم صحابی کی زمین میں۔

سوال: حضور ﷺ نے قبا میں کتنے دن قیام فرمایا اور روانہ کس دن ہوئے؟

جواب: 14 دن قیام فرمایا اور جمعہ کے دن مدینہ کے لیے روانہ ہوئے۔

سوال: مدینہ منورہ میں حضور ﷺ کس دن داخل ہوئے؟

جواب: جمعہ کے دن 12 ربیع الاول کو۔

سوال: حضور ﷺ نے مدینہ میں کس کے گھر قیام فرمایا؟

جواب: حضرت ابوایوب انصاریؓ کے گھر میں۔

سوال: حضرت ابوایوب انصاریؓ کو کتنا عرصہ آپ کی میزبانی کا شرف ملا؟

جواب: سات ماہ تک۔

سوال: حضور ﷺ نے مدینہ میں پہلا خطبہ کب دیا؟

جواب: نماز جمعہ کے موقع پر۔

سوال: حضور ﷺ نے یہودیوں کے ساتھ جو معاہدہ کیا اس کا نام کیا تھا؟

جواب: میثاقِ مدینہ۔

سوال: مدینہ منورہ میں اسلام کی تعلیم و تبلیغ کے لیے سب سے پہلا کون سا مرکز تھا

جواب: مسجد نبوی

سوال: مسجد نبوی کی جگہ کس کی ملکیت تھی؟

جواب: دو یتیم بچوں سہل اور سہیل کی۔

سوال: مسجد نبوی کی جگہ کے لیے رقم کی ادائیگی کس نے کی؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: مسجد نبوی میں ایک چبوترہ تھا اس کا کیا نام تھا؟

جواب: صفہ نام تھا۔

سوال: صفہ میں رہنے والوں کو کیا کہا جاتا تھا؟

جواب: اصحاب صفہ۔

سوال: یہ اصحاب صفہ کون تھے۔

جواب: اصحاب صفہ حضور ﷺ کے مہمان کہلاتے تھے جو علم دین سیکھنے آئے ہوتے۔

سوال: مسجد نبوی کی دیواریں کتنے ہاتھ تک پتھر کی تھیں؟

جواب: تین ہاتھ تک۔

سوال: ابتدا میں مسجد نبوی میں کن ازواج کے لیے دو گھر بنائے گئے؟

جواب: حضرت عائشہ اور حضرت سودہؓ کے۔

سوال: مہاجرین کن کو کہا جاتا ہے؟

جواب: وہ صحابہ کرام جو مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے تھے۔

سوال: انصار کن کو کہا جاتا ہے؟

جواب: مدینہ میں رہنے والے مسلمانوں کو جنہوں نے مہاجرین کی مدد کی۔

سوال: جو صحابہؓ مکہ میں اپنا سب کچھ چھوڑ کر آئے تھے ان کے لیے کیا فیصلہ کیا گیا؟

جواب: آپ ﷺ نے ایک مہاجر اور ایک انصاری صحابی کو آپس میں بھائی بھائی بنا دیا

سوال: غزوہ بدر کا واقعہ کب پیش آیا؟

جواب: رمضان 02 ہجری میں۔

سوال: غزوہ بدر میں کتنے مسلمان شریک تھے

جواب: تین سو تیرہ

سوال: غزوہ بدر میں کافروں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب: تقریباً ایک ہزار

سوال: حضور ﷺ نے بدر میں کون سی دعا بار بار کی؟

جواب: اے اللہ اگر یہ مختصر سی جماعت ہلاک ہوگئی تو زمین پر تیرا نام لینے والا کوئی نہیں ہوگا۔

سوال: غزوہ بدر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

جواب: چودہ مسلمان۔

سوال: حضور ﷺ کا سب سے بڑا دشمن ابوجہل کس غزوے میں مارا گیا؟

جواب: غزوہ بدر میں۔

سوال: حضور ﷺ نے اپنی امت کا فرعون کس کہا تھا؟

جواب: ابوجہل کو

سوال: مسلمانوں کا قبلہ کب تبدیل ہوا؟

جواب: 15 رجب 02 ہجری۔

سوال: کس مسجد کو مسجد قبلتین کہا جاتا ہے؟

جواب: مسجد بنی مسلمہ کو۔

سوال: نماز کب فرض ہوئی؟

جواب: نبوت کے دسویں سال۔

سوال: روزے کب فرض ہوئے؟

جواب: 01 ہجری میں۔

سوال: زکوۃ کب فرض ہوئی؟

جواب: دو ہجری میں۔

سوال: حج کب فرض ہوا؟

جواب: نو ہجری میں

سوال: غزوہ احد کب پیش آیا؟

جواب: شوال تین ہجری میں۔

سوال: جس غزوہ میں تمام کافر جمع ہو کر مدینہ پر حملے کے لیے آئے اسے کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: غزوہ احزاب۔

سوال: فتح مکہ کا واقعہ کب پیش آیا؟

جواب: رمضان آٹھ ہجری میں

سوال: حضور ﷺ نے کتنے غزوات میں شرکت کی؟

جواب: ستائیس غزوات میں۔

سوال: حضور ﷺ کے دور میں سرایا کتنے ہوئے؟

جواب: تقریباً 47 سریے ہوئے۔

سوال: غزوہ اور سریا کس کو کہتے ہیں؟

جواب: غزوہ اس جنگ کو کہا جاتا ہے جس میں حضور ﷺ نے خود شرکت فرمائی ہو اور سریا اس جنگ کو کہتے ہیں جس میں خود تشریف نہ لے گئے ہوں بلکہ کسی صحابہ کو امیر بنا کر بھیجا ہو۔

سوال: حضور ﷺ کے دور میں جنگوں میں کتنے صحابہ کرامؓ شہید ہوئے؟

جواب: تقریباً 259 صحابہ کرامؓ۔

سوال: حضور ﷺ نے کتنے حج کیے؟

جواب: حج فرض ہونے کے بعد آپ نے صرف ایک حج کیا۔

سوال: اس حج کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حجۃ الوداع

سوال: حجۃ الوداع میں حضور ﷺ نے کتنے اونٹ ذبح کیے؟

جواب: سو اونٹ ذبح کیا۔

سوال: حضور ﷺ کی بیماری کا آغاز کس بیماری سے ہوا؟

جواب: دردِ سر سے ہوا۔

سوال: آپ ﷺ نے مسلمانوں کو آخری نماز کون سی پڑھائی؟

جواب: جمعہ کے روز نماز مغرب

سوال: حضور ﷺ نے نماز کی امامت کے لیے کس کو حکم فرمایا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ کو

سوال: حضرت ابوبکر نے آپ ﷺ کی زندگی کتنی نمازیں پڑھائیں؟

جواب: تقریباً سترہ نمازیں۔

سوال: آپ ﷺ نے اپنی زندگی کے آخری دن کس کے حجرے میں گزارے؟

جواب: حضرت عائشہؓ کے حجرے میں۔

سوال: آپ ﷺ کا وصال کب ہوا؟

جواب: 12 ربیع الاول پیر کے دن۔

سوال: آپ ﷺ کو غسل کس نے دیا؟

جواب: حضرت علی اور حضرت عباس نے۔

سوال: حضور ﷺ کی تدفین کہاں ہوئی؟

جواب: حضرت عائشہ کے حجرے میں جہاں آپ نے انتقال فرمایا تھا۔

سوال: حضور ﷺ کی بیویاں کتنی تھیں اور انہیں کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: گیارہ بیویاں تھیں اور انہیں ازواج مطہرات کہا جاتا ہے۔

سوال: آپ ﷺ کی بیٹیاں کتنی تھیں اور کے نام کیا ہیں؟

جواب: آپ کی چار بیٹیاں تھیں حضرت زینب، حضرت رقیہ، حضرت ام کلثوم اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہن۔

سوال: حضور ﷺ کے بیٹے کتنے تھے اور ان کے نام کیا ہیں؟

جواب: مشہور روایت کے مطابق آپ ﷺ کے تین بیٹے تھے حضرت قاسمؓ، حضرت عبداللہؓ اور حضرت ابراہیمؓ۔

سوال: حضور ﷺ کے داماد کتنے تھے اور ان کے نام کیا ہیں؟

جواب: آپ کے تین داماد تھے حضرت ابوالعاصؓ، حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت علی المرتضیٰؓ۔

سوال: حضور ﷺ کے نواسے کتنے تھے اور ان کے نام کیا ہیں؟

جواب: آپ کے نواسے چار تھے حضرت علی بن ابی العاصؓ، حضرت عبداللہ بن عثمانؓ، حضرت حسن بن علیؓ اور حضرت حسین بن علیؓ۔

سوال: حضور ﷺ کی نواسیاں کتنی تھیں اور ان کے نام کیا ہیں؟

جواب: چار نواسیاں تھیں امامہ بنت ابوالعاصؓ، زینب بنت علیؓ، کلثوم بنت علی اور رقیہ بنت علیؓ۔

سوال: حضور ﷺ کی پسندیدہ سبزی کون سی تھی؟

جواب: کدو شریف

سوال: حضور ﷺ نے کس کھانے کو ''کھانوں کا سردار'' کہا ہے؟

جواب: گوشت کو۔

سوال: آپ ﷺ کو کون سا مشروب زیادہ پسند تھا؟

جواب: شہد کا شربت۔

سوال: حضور ﷺ دودھ کے ساتھ کس پھل کا استعمال کرتے تھے؟

جواب: کھجور استعمال کرتے تھے۔

سوال: حضور ﷺ کیسا لباس زیادہ پسند فرماتے تھے؟

جواب: سفید رنگ کا کرتہ۔

سوال: حضور ﷺ جوتا کیسا استعمال کرتے تھے اور کیسے پہنتے تھے؟

جواب: تسمے والا جوتا زیادہ استعمال کرتے اور پہلے دایاں پاؤں پہنتے۔

سوال: آپ کے پاس کتنی اونٹنیاں تھیں اور ان کے نام کیا تھے؟

جواب: تین اونٹنیاں تھیں۔ حدما، عضاء اور قصوٰی

سوال: آپ کے پاس گھوڑے کتنے تھے؟

جواب: سات گھوڑے تھے۔

سوال: آپ کے پاس خچر کتنے تھے؟

جواب: چھ خچر تھے۔